جامع مسجد ضیاء اہل حدیث رانیوال سیداں ضلع گجرات میں رئیس الجامعہ کا افتتاحی خطبہ جمعہ

رانیوال سیداں میں نوتعمیر جامع مسجد ضیاء اہل حدیث میں رئیس الجامعہ نے مورخہ 13 دسمبر کا افتتاحی خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں قرآن وحدیث کی روشنی میں توحید وسنت کے علاوہ انسانی زندگی میں پیش آمدہ مسائل پر خوب روشنی ڈالی۔ اس موقع پر رانیوال سیداں اور گردونواح سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ سید ثناء اللہ شاہ امیر مرکزیہ رانیوال وسید افتخار حسین شاہ اوران کے ساتھیوں نے نماز جمعہ کے بعد شرکاء کیلئے ضیافت کا اہتمام کیا۔

جامع مسجد محمدی اہل حدیث پنڈی سید پور میں تیسری عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 14 دسمبر بروز ہفتہ جامع مسجد محمدی اہل حدیث پنڈی سید پور تحصیل پنڈ دادنخان میں تیسری عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد شعیب کی تلاوت سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مقرر شیریں بیان مولانا حافظ محمد اسحٰق اوکاڑوی نے سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر مفصل خطاب کیا۔ نماز عشاء کے بعد شرکاء کی ضیافت کی گئی۔ اس پروگرام کی پبلسٹی اور انتظام وانصرام قاری خالد صاحب اوران کے رفقاء نے کیا جبکہ اس پروگرام کی سرپرستی جناب محمد سلیم بھٹی اور غلام حسین بھٹی کرتے ہیں۔

رسیلہ خورد ڈومیلی (تحصیل سوہاوہ) میں تبلیغی پروگرام

مورخہ 15 دسمبر بروز اتوار ڈومیلی کے قریب رسیلہ خورد میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر عظیم الشان تبلیغی پروگرام منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ تبلیغی جلسہ سے حافظ عبدالغفور جہلمی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) مولانا قطب شاہ اور مولانا حافظ محمد اسحٰق اوکاڑوی نے خطاب کیا۔ تعداد کے لحاظ سے یہ پروگرام انتہائی کامیاب رہا، آخر میں شرکاء کی ضیافت حسن اختر صاحب اوران کے رفقاء نے کی۔

جامع مسجد بلال اہل حدیث شمالی محلہ جہلم میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 14 جنوری بروز منگل جامع مسجد بلال اہل حدیث شمالی محلہ میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا، پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جلسہ سے قاری محمد یوسف راشد خطیب ڈسکہ نے مفصل خطاب کیا۔ مولانا قطب شاہ کی دُعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔